ہیں۔ اس طرح یہ نمبر اسلامی قانون سے متعلق گویا ایک انسائیکلوپیڈیا ہے جس کا مطالعہ ہر مسلم و غیر مسلم صاحب ذوق کو کرنا چاہیئے۔ ادارۂ چراغِ راہ اس کامیاب کوشش اور پیش کش پر ہر طرح سزاوارِ تحسین و ستائش ہے۔

سیرتِ طیبہ: - مرتبہ جناب اکرام احمد خاں و محمد مسلم صاحب۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۳۹ صفحات کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت عہ/ پتہ: - دفتر سہ روزہ دعوت۔ محلہ کشن گنج دہلی۔

سیرت پر اردو میں چھوٹی بڑی سینکڑوں کتابیں شائع ہو چکی ہیں اور بیسیوں رسالے اپنے خاص خاص نمبر شایع کر چکے ہیں۔ لیکن سہ روزہ دعوت کا یہ خاص نمبر اس مقصد کے پیشِ نظر مرتب کیا گیا ہے کہ اس میں ایسے مضامین جمع کیے جائیں جن کی زبان صاف اور سلیس ہو۔ انداز بیان شگفتہ اور سلجھا ہوا ہو۔ اور سب سے زیادہ یہ کہ اُن کو پڑھ کر فکر بیدار ہو اور اسوۂ نبویؐ کا اتباع و پیروی کا ولولہ اُبھرے۔ مضامین زیادہ گہرے اور محققانہ نہیں اور نہ ان کی ضرورت ہے۔ البتہ ان کے مطالعہ سے دینی شعور تازہ ہوتا ہے۔ لکھنے والوں میں ہندوپاک کے اہلِ قلم کے علاوہ مصر کے بعض اربابِ قلم کے نام بھی شامل ہیں۔ مضامین کے علاوہ نظموں کا جو حصہ ہے وہ بھی منتخب نظموں پر مشتمل ہے۔ بعض مضامین افسانہ یا ڈرامہ کی شکل میں ہیں۔ اس طرح اس خاص نمبر کا مطالعہ ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

نئے رسالے اور اخبار

تذکرہ: - مرتبہ مولانا نجم الدین اصلاحی۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۴۰ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ چندہ سالانہ صہ/ - پتہ: - دفتر ماہنامہ تذکرہ دیوبند ضلع سہارنپور۔

یہ رسالہ چند ماہ سے حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کی یادگار میں دیوبند ضلع سہارنپور سے نکل رہا ہے۔ حضرت شیخ کے افادات و فیوضات کے علاوہ مختلف دینی۔ اصلاحی اور اخلاقی مضامین بھی مفید ہوتے ہیں۔ رسالہ پابندی اور باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے۔ عام مسلمانوں اور خصوصاً متوسلین حضرت شیخ کو اس کی قدر کرکے توسیعِ اشاعت کی کوشش کرنی چاہیئے تاکہ افادہ زیادہ عام ہو۔